احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 16 جنوری 2009ء 18 محرم 1430 ہجری 16 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 12

اللہ کے سپرد

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ الوداع کہتے ہوئے یہ دعا کرتے۔

میں تجھے تیرے دین، امانت اور اعمال کے انجام کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب مایقول اذا ودع انساناً حدیث نمبر:3365)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بہت ہیں کہ زبان سے تو خدا تعالیٰ کا اقرار کرتے ہیں لیکن اگر ٹٹول کر دیکھو تو معلوم ہوگا کہ ان کے اندر دہریت ہے۔ کیونکہ دنیا کے کاموں میں جب مصروف ہوتے ہیں تو خدا تعالیٰ کے قہر اور اس کی عظمت کو بالکل بھول جاتے ہیں۔ اس لئے یہ بات بہت ضروری ہے کہ تم لوگ دعا کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے معرفت طلب کرو۔ بغیر اس کے یقین کامل ہرگز حاصل نہیں ہوسکتا۔ وہ اس وقت حاصل ہوگا جبکہ یہ علم ہو کہ اللہ تعالیٰ سے قطع تعلق کرنے میں ایک موت ہے۔ گناہ سے بچنے کے لئے جہاں دعا کرو وہاں ساتھ ہی تدابیر کے سلسلہ کو ہاتھ سے نہ چھوڑو اور تمام محفلیں اور مجلسیں جن میں شامل ہونے سے گناہ کی تحریک ہوتی ہے ان کو ترک کرو اور ساتھ ہی دعا بھی کرتے رہو۔

اور خوب جان لو کہ ان آفات سے جو قضاء وقدر کی طرف سے انسان کے ساتھ پیدا ہوتی ہیں۔ جب تک خدا تعالیٰ کی مدد ساتھ نہ ہو۔ ہرگز رہائی نہیں ہوتی۔ نماز جو کہ پانچ وقت ادا کی جاتی ہے اس میں بھی یہی اشارہ ہے کہ اگر وہ نفسانی جذبات اور خیالات سے اسے محفوظ نہ رکھے گا تب تک وہ سچی نماز ہرگز نہ ہوگی۔ نماز کے معنے ٹکریں مار لینے اور رسم اور عادت کے طور پر ادا کرنے کے ہرگز نہیں۔ نماز وہ شئے ہے جسے دل بھی محسوس کرے کہ روح پگھل کر خوفناک حالت میں آستانہ الوہیت پر گر پڑے۔ جہاں تک طاقت ہے وہاں تک رقت کے پیدا کرنے کی کوشش کرے اور تضرع سے مانگے کہ شوخی اور گناہ جو اندر نفس میں ہیں وہ دور ہوں۔ اسی قسم کی نماز بابرکت ہوتی ہے اور اگر وہ اس پر استقامت اختیار کرے گا تو دیکھے گا کہ رات کو یا دن کو ایک نور اس کے قلب پر گرا ہے اور نفس امارہ کی شوخی کم ہوگئی ہے۔ جیسے اژدہا میں ایک سم قاتل ہے۔ اسی طرح نفس امارہ میں بھی سم قاتل ہوتا ہے اور جس نے اسے پیدا کیا۔ اسی کے پاس اس کا علاج ہے۔

کبھی یہ دعویٰ نہ کرو کہ میں پاک صاف ہوں جیسے کہ اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے (۔) تم اپنے آپ کو مزکی مت کہو۔ وہ خود جانتا ہے کہ تم میں سے متقی کون ہے۔ جب انسان کے نفس کا تزکیہ ہوجاتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کا متولی اور متکفل ہو جاتا ہے۔ اور جیسے ماں بچے کو گود میں پرورش کرتی ہے اسی طرح وہ خدا کی گود میں پرورش پاتا ہے اور یہی حالت ہے کہ خدا تعالیٰ کا نور اس کے دل پر گر کر دنیاوی اثروں کو جلا دیتا ہے اور انسان ایک تبدیلی اپنے اندر محسوس کرتا ہے۔ لیکن ایسی حالت میں بھی اسے ہرگز مطمئن نہ ہونا چاہئے کہ اب یہ طاقت مجھ میں مستقل طور پر پیدا ہوگئی ہے اور کبھی ضائع نہ ہوگی۔ جیسے دیوار پر دھوپ ہو تو اس کے یہ معنے ہرگز نہیں ہوتے کہ یہ ہمیشہ ایسی ہی روشن رہے گی۔ اس پر لوگوں نے ایک مثال لکھی ہے کہ دیوار جب دھوپ سے روشن ہوئی تو اس نے آفتاب کو کہا کہ میں بھی تیری طرح روشن ہوں۔ آفتاب نے کہا کہ رات کو جب میں نہ ہوں گا تو پھر تو کہاں سے روشنی لے گی؟ اسی طرح انسان کو جو روشنی عطا ہوتی ہے وہ بھی مستقل نہیں ہوتی، بلکہ عارضی ہوتی ہے اور ہمیشہ اسے اپنے ساتھ رکھنے کے لئے استغفار کی ضرورت ہے۔ انبیاء جو استغفار کرتے ہیں اس کی بھی یہی وجہ ہوتی ہے کہ وہ ان باتوں سے آگاہ ہوتے ہیں اور ان کو خطرہ لگا رہتا ہے کہ نور کی چادر جو ہمیں عطا کی گئی ہے ایسا نہ ہو کہ وہ چھن جاوے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 96)

عائلی زندگی کے متعلق حضور انور ایدہ اللہ کے خطبات بطور نشر مکرر

مجلس شوریٰ پاکستان 2008ء کی سفارشات کی روشنی میں معاشرہ میں احمدی گھرانوں کو جنت نظیر بنانے کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے عائلی زندگی کے متعلق فرمودہ خطبات درج ذیل شیڈیول اور پاکستانی وقت کے مطابق ایم ٹی اے پر نشر ہو رہے ہیں۔ احباب اس سے استفادہ فرمائیں۔

ہر ہفتہ 12:00 بجے دن اور 9:30 بجے رات
ہر اتوار 4:30 بجے شام اور 10:15 بجے رات
ہر سوموار 3:15 بجے صبح

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

عربی اور انگریزی زبان سیکھیں

وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ میں نئے سیشن جنوری تا مارچ کے لئے عربی اور انگریزی زبانوں میں کورسز کے لئے داخلے مورخہ 17 جنوری 2009ء کو ہوں گے۔ مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق واقفین نو و واقفات نو مقررہ تاریخ کو رجسٹریشن فارم حاصل کریں۔

☆ عربی لیول 2 (کلاس پنجم تا ہشتم)
واقفین و واقفات نو کے لئے

☆ انگریزی لیول 2 (انٹرمیڈیٹ تا ایم اے)
واقفات نو کے لئے

☆ انگریزی لیول 2 (انٹرمیڈیٹ تا ایم اے)
واقفین نو کے لئے

☆ انگریزی لیول 1 (کلاس پنجم تا ہشتم)
واقفین و واقفات نو کیلئے۔

واقفین و واقفات نو مورخہ 17 جنوری 2009ء کو وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی (بیت نصرت) سے عصر تا مغرب رجسٹریشن فارمز حاصل کریں۔ سیکرٹریان وقف نو محلہ جات اور والدین سے تعاون کی درخواست ہے مزید معلومات اس نمبر سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ فون نمبر: 0476011966

(انچارج وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 516

نفیس اور پاکیزہ مزاح

عالمی شہرت یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نوبیل انعام یافتہ کے تایا اور خسر حضرت چوہدری غلام یٰسین صاحب ڈسٹرکٹ انسپکٹر آف سکولز (ولادت 21 جنوری 1874ء وفات 24 جنوری 1950ء)

برصغیر کے مثالی اور نابغہ روزگار ادیب و محقق مولانا شیخ محمد اسماعیل صاحب پانی پتی جنہیں صدارتی ایوارڈ بھی دیا گیا آپ کی نسبت تحریر فرماتے ہیں۔

حضرت چوہدری صاحب مرحوم نہایت صلح کل، بے تعصب اور مرنجاں مرنج قسم کے افسر تھے۔ ہندو اور مسلمان مدرسین سے بالکل ایک جیسا سلوک کرتے تھے۔ سب ان سے خوش تھے اور وہ سب سے خوش تھے ساری عمر کسی مدرس کو ان کے ہاتھ زبان یا قلم سے کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ ماتحتوں سے نہایت شیریں زبانی مہربانی اور نرمی سے پیش آتے تھے۔ کسی سے کوئی شکایت بھی پیدا ہوتی تو نہایت لطیف پیرائے میں اس کو توجہ دلاتے تھے۔ ایک مرتبہ کرنال کے دیہات کا اچانک دورہ کر رہے تھے۔ ایک گاؤں کے سکول میں جو پہنچے تو مدرس صاحب غائب تھے۔ ان کا حقہ میز پر رکھا ہوا تھا اور طلبا پڑھائی میں مشغول تھے۔ انہوں نے ڈھونڈ کر لاگ بک نکالی اور اس پر اپنے معائنہ کی کیفیت اس طرح لکھی۔ ”میں معائنہ کے لئے سکول میں گیا۔ مدرس صاحب کو کوئی بہت ضروری کام پیش آ گیا تھا۔ وہ اپنے نائب کو سارا کام سپرد کر کے کہیں تشریف لے گئے تھے اور نائب صاحب کی موجودگی میں لڑکے نہایت باقاعدگی اور خاموشی کے ساتھ اپنے کام میں مصروف تھے۔“ (چودھری صاحب کی ”نائب“ سے مراد وہ حقہ تھا جو مدرس صاحب جاتے ہوئے میز پر رکھ گئے تھے۔“)

(سوانح چوہدری محمد حسین صفحہ 55-56 ناشر محمد احمد اکیڈیمی رام گلی نمبر 3 لاہور اشاعت 1974ء)

پاکیزہ مزاح سنت نبوی سے ہے جس کے متعدد واقعات سیرت نگاروں نے ہمیشہ کے لئے ریکارڈ کر دئے ہیں جن کا مطالعہ روح و دماغ کو معطر کر دیتا ہے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے عالمگیر جماعت احمدیہ کو مسکراتے چہرے سے ہر ایک کو ملنے کی نصیحت فرمائی نیز ارشاد فرمایا احمدیوں کی مسکراہٹوں کو دنیا کی کوئی بڑی حکومت بھی نہیں چھین سکتی۔ ع

ہے یہ تقدیر خداوند کی تقدیروں سے

☆☆☆

حضرت منشی اروڑا خاں صاحب

کپورتھلوی کا ایک روح پرور واقعہ

حضرت سیدنا مصلح موعود کی زبان مبارک سے:۔

”منشی اروڑا صاحب بالکل معمولی تعلیم رکھتے تھے مگر انہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ اخلاص تھا اور اس کی وجہ سے حضرت مسیح موعود کی نظروں میں ان کی بڑی قدر تھی۔ ان کی کمئی علم کو دیکھ کر ایک دفعہ لوگ ان کو مولوی ثناء اللہ صاحب کے لیکچر میں لے گئے۔ وہ تقریر کرتے رہے اور یہ بیٹھے رہے۔ لوگوں نے پوچھا کچھ اثر ہوا۔ اگر نہیں ہوا۔ تو جواب دو۔ کہنے لگے۔ یہاں تو جواب کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا میں نے تو مرزا صاحب کا منہ دیکھا ہوا ہے کوئی خواہ سال بھر بیٹھا ان کے خلاف تقریریں کرتا رہے میں تو ان سب کے جواب میں صرف یہی کہوں گا۔ کہ

وہ منہ جھوٹوں والا نہیں تھا مجھ پر کسی تقریر کا کوئی اثر نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ میں نے ان کو خود دیکھ لیا ہے۔ آفتاب آمد دلیل آفتاب۔ سورج آپ اپنی سچائی کی دلیل ہوتا ہے۔ اس کے لئے اور کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی۔ مرزا صاحب کو دیکھنے کے بعد ان کی صداقت کے لئے اور کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ سب تقریریں سن کر میں زیادہ سے زیادہ یہ کہوں گا۔ کہ تم بڑے لسّان ہو۔ باتیں خوب بنا لیتے ہو **مگر میں نے جب اپنی آنکھوں سے ان کو دیکھ لیا۔ تو کس طرح جھٹلا سکتا ہوں تو جہاں دل میں اللہ تعالیٰ کے لئے اخلاص پایا جاتا ہو۔ وہاں وہ آپ ہی آپ ان لوگوں کی حفاظت کرتا ہے۔**

(الفضل 16 دسمبر 1938ء صفحہ 8)

نور قرآنی کے حصول کی دعا

آنحضرت ﷺ نے حضرت علیؓ کو یہ دعا سکھائی:

اے اللہ اے رحمٰن! تیرے جلال اور تیرے چہرے کے نور کا واسطہ دے کر عرض کرتا ہوں کہ تو میری آنکھوں کو اپنی کتاب کے نور سے منور کر اور اسے میری زبان پر رواں کر دے اور میرے دل کو اس کے لئے وسعت دے اور میرے سینے کو اس کے ساتھ کھول دے۔ اور اس کے ساتھ میرے بدن کو دھو دے۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء الحفظ حدیث نمبر 3493)

(مرسلہ: قائد تعلیم القرآن مجلس انصاراللہ پاکستان)

یہ نعمت جاودانی ہے

خلافت روحِ ایماں ہے بقائے دیں کا ساماں ہے
یہ تسکینِ دل و جاں ہے کہ اپنا اک نگہباں ہے
سراپا جو مہرباں ہے

جماعت کی بقا اس سے بڑھے حق کی صدا اس سے
ہمیں تو سب سے بڑھ کر ہے عقیدت بے بہا اس سے
ملے نور خدا اس سے

یہ انعام ربانی ہے یہ نعمت جاودانی ہے
یہ فیضان نبوت ہے دلوں کی پاسبانی ہے
ندائے آسمانی ہے

صداقت آشکارا ہے زمانے کو سنوارا ہے
بڑھی تاب و تواں اس سے رُخِ انساں نکھارا ہے
اخوت کو اُبھارا ہے

نیابت کے نشاں اس میں محبت کے بیاں اس میں
جمال یار کی باتیں حدیث دلبراں اس میں
رموز نکتہ داں اس میں

وراثت انبیاء کی یہ نشانی اتقیا کی یہ
ملے راہِ ہدیٰ اس سے دُعا ہے اصفیا کی یہ
وراثت انبیاء کی یہ

اطاعت ۔ مدعا کر لو خوئے طرزِ وفا کر لو
یہ دنیا چند روزہ ہے دلوں کو با صفا کر لو
یہ سب بہرِ خدا کر لو

ر۔ش

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

خلافت کے ساتھ محبت اور خلافت کی برکات وفیوض کا تذکرہ

حضرت مصلح موعود اور حضرت خلیفة المسیح الثالث کے بے پایاں احسانات

مکرم ڈاکٹر ضیاء الدین ضیاء صاحب

(قسط دوم آخر)

الاؤنس بڑھا دیا

اب میں حضرت خلیفة المسیح الثالث کی شفقت کا ایک اور رنگ بیان کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے ایک دفعہ مکرم صوبیدار عبدالمنان صاحب جو ربوہ میں حضور کے افسر حفاظت تھے۔ ان سے کہا آپ حضور کی خدمت میں کیوں نہیں عرض کرتے کہ پہریداروں کو بھی انجمن کے کارکنان کی طرح سہولتیں ملنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا ضیاء الدین صاحب میں تو حضور کی خدمت میں عرض کرنے سے رہا۔ میں نے کہا ٹھیک ہے آپ نہ کریں لیکن میں حضور کی خدمت میں ضرور عرض کروں گا۔ ہوا یوں کہ ایک دن حضور کے ایک پہریدار نے مجھ سے کہا میرا بچہ بیمار ہے آپ گھر پر ہی دیکھ لیں بیت المبارک کے ساتھ ہی ان کا گھر تھا۔ میں حضور سے فارغ ہو کر ان کے گھر گیا۔ میں نے ان کی اہلیہ سے کہا کہ آپ نے یہ گھر کی کیا حالت بنا رکھی ہے۔ بچے بیمار نہ ہوں تو کیا ان حالات میں تندرست رہیں گے۔ وہ کہنے لگیں بھائی جان بات دراصل یہ ہے کہ میرے میاں کی تنخواہ بہت کم ہے۔ گھر کے اخراجات کے لئے کچھ بچتا نہیں بڑی مشکل سے گزارہ ہوتا ہے اگلے روز جب میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے سارا واقعہ حضور کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حضور نے ازراہ شفقت انجمن کو لکھا کہ پہریداروں کے بھی وہی حقوق ہونے چاہئیں جو انجمن کے دوسرے کارکنوں کو ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ حضور نے اپنی طرف سے مزید الاؤنس دینا منظور فرمایا۔

مجھے انجمن کی طرف سے 30 روپے کا الاؤنس ملا کرتا تھا۔ وہ کسی وجہ سے انجمن نے بند کر دیا۔ جب حضور کو اس بات کا علم ہوا تو فرمایا تم انجمن سے کسی قسم کا الاؤنس نہ لینا۔ میں نے عرض کیا حضور میں نہیں لوں گا جب میں ہسپتال پہنچا تو محمد طفیل مددگار کارکن پرائیویٹ سیکرٹری میرے پاس آیا۔ انہوں نے کہا حضور نے آپ کے نام یہ خط دیا ہے اور فرمایا کسی اور کو نہ دینا اور نہ ہی ڈاک کے رجسٹر پر چڑھانا۔ صرف ضیاء الدین صاحب کو جا کر ان کے ہاتھ میں دینا۔ جب میں نے وہ خط کھولا تو اس میں حضور کا ایک خط تھا اور ساتھ نوٹ تھے۔ اگلے روز میں نے عرض کیا حضور آپ کے بھیجے ہوئے نوٹ میں نے بطور تبرک رکھ لئے ہیں۔ لیکن میں آپ سے کسی قسم کا الاؤنس نہیں لوں گا۔ حضور نے صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب سے فرمایا ضیاء الدین صاحب کو ہسپتال کی طرف سے 30 روپے ماہوار الاؤنس ملتا رہنا چاہئے اور وہ مجھے آخر وقت تک ملتا رہا۔

ناممکن کام ہو گیا

حضور نے ایک دفعہ فرمایا ناظر صاحب امور عامہ سے مل لیں وہ آپ کو سمجھا دیں گے۔ لاہور سے ایک فائل لانی ہے۔ لیکن ہر حال شام کو واپس آجانا۔ لاہور میں رات کو نہیں رکنا۔ میں ناظر صاحب سے ملا انہوں نے مجھے ایک چٹھی قائد صاحب خدام الاحمدیہ لاہور کے نام دی اور سمجھا دیا۔ میں حسب ہدایت لاہور صبح کی ٹرین سے چلا گیا۔ قائد صاحب سے ملا۔ انہوں نے فرمایا کہ تم ڈسٹرکٹ کورٹ چلے جاؤ اور اس وکیل کو مل لو۔ میں ڈسٹرکٹ کورٹ پہنچا ان وکیل صاحب کا پتہ کیا انہوں نے کہا آپ ڈپٹی کمشنر صاحب جھنگ سے لکھوا کر لائیں۔ پھر وہ فائل آپ کو مل سکے گی۔ میں تھک کر ایک بینچ پر بیٹھ گیا اور دل میں دعا کرنے لگا۔ اللہ میاں میں صبح حضور کو کیا جواب دوں گا۔ حضور نے ایک کام کے لئے مجھے بھجوایا وہ بھی میں نہ کر پایا۔ اے اللہ تو ہی اس عاجز کی مدد فرما اچانک میری نظر ایک عرضی نویس پر پڑی میں اس کے پاس گیا اور سارا ماجرا بیان کیا۔ اس نے کہا ایک اٹھنی دیں میں نے اس کو ایک اٹھنی دے دی۔ اس نے ڈپٹی کمشنر صاحب کے نام ایک درخواست لکھی اور کہا یہاں پر تین ڈپٹی کمشنر ہیں۔ اس کا تعلق وہ سامنے والے ڈپٹی کمشنر صاحب کے ساتھ ہے آپ وہاں چلے جائیں۔ اندر جانے سے چپڑاسی آپ کو روکے گا۔ آپ نے اس کی بات نہیں سننی بلکہ چک اٹھا کر اندر چلے جانا۔ میں نے ایسے ہی کیا ڈپٹی کمشنر صاحب ڈاک دیکھ رہے تھے۔ انہوں نے میری طرف دیکھا تو میں نے وہ درخواست آگے رکھ دی۔ انہوں نے اس درخواست پر لکھا اے ڈی ایم برائے فوری کارروائی اور گھنٹی دی چپڑاسی اندر آیا اس سے کہا صاحب کو ADM صاحب کے پاس لے جاؤ۔ ADM صاحب کے ریڈر کو جا کر وہ درخواست دی۔ اس نے تین عدد فارم نکالے اور ان کو پُر کر کے وہ درخواست ساتھ لگائی اور میرے لئے چائے منگوائی اور کہا آپ چائے پئیں ADM صاحب کی عدالت میں ایک مقدمہ پیش ہے میں کوشش کروں گا صاحب اس پر دستخط کر دیں۔ وہ دستخط کروا کر لے آیا اور چپڑاسی کے ہاتھ میں درخواست دے دی اور کہا ان کو ڈپٹی کمشنر صاحب کے پاس لے جاؤ۔ ہم دوبارہ ڈپٹی کمشنر صاحب کے پاس آئے انہوں نے اپنے دستخط کئے اور مہر ثبت کی اور کہا اب آپ اس کو فلاں دفتر میں لے جائیں۔ جب میں ڈپٹی کمشنر صاحب کے دفتر سے باہر نکلا تو ان کے ریڈر کی نظر مجھ پر پڑی اور وہ آکر مجھ سے جھگڑنے لگا۔ تم کس کی اجازت سے صاحب کے پاس گئے تھے۔ اس جھگڑے کو دیکھ کر صاحب کا چپڑاسی قریب آیا اور ریڈر کے کان میں کچھ کہا۔ ریڈر صاحب کا غصہ فوراً ٹھنڈا پڑ گیا اور کہا صاحب مجھے معاف کرنا اور فوراً ایک رکشا منگوایا اور رکشا والے سے کہا صاحب کو فلاں دفتر لے جاؤ۔ وقت تنگ ہے دفتر بند ہونے والا ہے۔ اس لئے جلدی کرو اور صاحب سے کرایہ نہیں لینا وہ میں ادا کروں گا۔ رکشے والے نے رکشا بہت تیز چلایا۔ میں نے اس سے کہا بھائی ذرا آہستہ چلاؤ لیکن وہ نہ مانا اور کہنے لگا اگر دفتر بند ہو گیا تو صاحب ناراض ہو جائیں گے۔ دفتر بند ہونے میں صرف دو منٹ رہتے تھے۔ میں دفتر میں حاضر ہوا تو تمام سٹاف اٹھ رہا تھا۔ میں نے آفس سپرنٹنڈنٹ صاحب سے کہا۔ صاحب میں ربوہ سے آیا ہوں میرا کام آپ کر دیں کیونکہ میں رات کو لاہور میں نہیں ٹھہر سکتا وہ کہنے لگا آپ صبح تشریف لے آئیں میں نے پھر عرض کیا صاحب میں نے آج ہی ربوہ واپس پہنچنا ہے۔ اس سٹاف میں وہ کلرک بھی بیٹھا ہوا تھا جس نے چھٹی نہیں کرنی تھی اور شام تک ڈیوٹی دینی تھی اس نے مجھ سے کہا آپ یہاں آجائیں میں آپ کا کام کر دوں گا۔ ان کو جانے دیں۔ دو منٹ میں دفتر خالی ہو گیا اور ڈیوٹی والے کلرک نے اپنا ٹفن کھولا اور کہنے لگا آئیے کھانا کھائیں۔ مگر میں نے انکار کر دیا اس نے چپڑاسی سے کہا جا کر کینٹین سے صاحب کے لئے چائے لے آؤ اور چائے آنے پر وہ بولا آپ نے کھانا نہیں کھایا اب چائے تو پی لیں۔ چائے سے فارغ ہو کر اس نے کہا وہ فائل کب کی ہے۔ کوئی مہینہ اور سن وغیرہ یاد ہے۔ اب میں کیا جواب دیتا مجھے تو کچھ علم نہیں تھا۔ دل میں دعا کی اور اللہ کا نام لے کر میں نے کہا ستمبر، اکتوبر، نومبر 1965ء میں آپ دیکھیں۔ اکتوبر 1965ء میں وہ فائل نکل آئی۔ اس نے وہ فائل مجھے دی اور میری درخواست پر میرے دستخط لئے اور ایک نئی فائل بنا کر اس فائل کی جگہ رکھ دی۔ میں فائل لے کر دفتر سے باہر آیا اور بس پکڑی ریلوے سٹیشن پر پہنچ کر ربوہ کی ٹکٹ لی اور پلیٹ فارم کی طرف بھاگا کیا دیکھتا ہوں گاڑی آہستہ آہستہ چل رہی ہے۔ رش اتنا زیادہ ہے کہ دروازے پر بھی 10,8 آدمی لٹکے ہوئے ہیں۔ میں نے ہمت کی اور اپنا ایک پاؤں فٹ بورڈ پر رکھا اور ہینڈل کو پکڑ کر لٹک گیا۔ ٹرین کے اندر ایک شخص میری حالت زار دیکھ رہا تھا۔ اس نے کہا آپ اندر آجائیں۔ لیکن اندر جانا آسان نہیں تھا۔ بہر حال میں نے کوشش کی اندر آ گیا۔ کیا دیکھتا ہوں رش اس قدر زیادہ ہے کہ ٹائلٹ میں بھی چار آدمی کھڑے ہیں۔ خیر میں اس شخص کے قریب پہنچ گیا۔ انہوں نے ساتھ والے دوست سے کہا آپ اٹھ جائیں اور ان کو بیٹھنے دیں۔ میں نے کہا نہیں آپ ان کو نہ اٹھائیں میں یہاں کھڑا ہی ٹھیک ہوں۔ لیکن وہ نہ مانے اور مجھے بٹھا ہی دیا۔ جب میں بیٹھ گیا تو انہوں نے دریافت کیا آپ کہاں جا رہے ہیں میں نے بتلایا کہ ربوہ جانا ہے۔ انہوں نے بتلایا کہ میں سرگودھا جا رہا ہوں اور کھانے کے لئے کچھ نکالا اور کہا لگتا ہے صبح سے آپ نے کچھ کھایا نہیں۔ آپ تھوڑا بہت کھا لیں اور تھرماس سے چائے نکالی اور مجھے پینے کے لئے دی۔ میں شام کو ربوہ پہنچ گیا اور اگلے روز وہ فائل ناظر صاحب امور عامہ کو دی۔ جب میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے دریافت فرمایا وہ فائل لے آئے ہو میں نے عرض کیا جی لے آیا ہوں اور ناظر صاحب امور عامہ کو دے آیا ہوں۔ لیکن میں نے مناسب نہ سمجھا کہ کل کا حال بیان کروں۔ اللہ تعالیٰ نے حضور کی برکت سے اپنے فرشتوں سے میری مدد فرمائی۔

ربوہ میں تعمیر مکان

میں نے ربوہ میں مکان بنانا تھا۔ محلّہ دارالعلوم شرقی میں ایک کنال کا پلاٹ تو خرید لیا لیکن مکان بنانا بہت مشکل نظر آ رہا تھا۔ ہم نے گھر میں فیصلہ کیا کہ کرائے کے مکان سے اپنا مکان زیادہ بہتر ہوگا چاہے دو کمروں کا ہی کیوں نہ ہو۔ میں نے اس بات کا ذکر اپنے پیارے آقا حضرت خلیفة المسیح الثالث کی خدمت میں کیا۔ آپ نے فرمایا شروع کریں اللہ تعالیٰ مدد فرماوے گا اور ایک اینٹ پر دعا کر کے دی کہ اس اینٹ کو بنیاد میں رکھ دینا۔ ہم نے تعمیر کا کام شروع کر دیا۔ حضور روزانہ دریافت فرماتے اب کہاں تک پہنچا ہے۔ میں روزانہ حضور کی خدمت میں رپورٹ پیش کر دیتا حضور کی دعاؤں سے مکان تعمیر ہو گیا اللہ تعالیٰ نے کس طرح سے غیب سے مدد فرمائی یہ خود ایک ایمان افروز واقعہ ہے۔ بہر حال مکان تعمیر ہونے کے بعد بجلی پانی کا مسئلہ تھا۔ اس پلاٹ میں کھارا پانی تک نہ نکلا میٹھا پانی تو دور کی بات ہے۔ پھر فیصلہ ہوا کنواں بنایا جائے۔ کنواں کھدوایا گیا۔ پانی بھی میٹھا نکل آیا۔ لیکن ریت کا نام ونشان تک نہیں تھا۔ کھدائی کے دوران اشوک کے زمانہ کے سکے اور مہاتما بدھ کے مجسمے نکلے۔ صاف کرنے پر سکے تو سارے کے سارے بھُر گئے اور مجسمے اکثر تو بھر گئے لیکن دو مجسمے بچ گئے۔ ایک مجسمہ بالکل صحیح حالت میں تھا اس کو صاف کر کے میں نے حضور کو دے دیا اور سارا واقعہ بیان کر دیا۔ یہ مکان عام مکانوں کی طرح سے نہیں بنا قدم قدم پر مشکلات تھیں اور صرف حضور کی دعائیں تھیں جو غیب سے سارے کام ہوتے جا رہے تھے۔ ایک دو مثالیں میں دے دیتا ہوں۔ بجلی والوں نے بجلی دینے سے انکار کر دیا۔ اسی طرح سے کمیٹی والوں نے پانی دینے سے معذرت

کر دی۔ لیکن حضور کی دعاؤں سے یہ دونوں کام بھی خود بخود ہو گئے۔ پانی کا سن لیں ایک روز ریذیڈنٹ مجسٹریٹ صاحب میرے پاس آئے اور کہنے لگے میرے لائق کوئی خدمت ہو تو بتلائیں۔ میں نے عرض کی پانی کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ آپ نے سارا جائزہ لیا اور مجھ سے کہا ضیاء الدین صاحب آپ کے گھر میں تو پانی کا کنکشن نہیں دے سکتے۔ البتہ ایک کام کر سکتا ہوں۔ آپ کے دروازے پر پبلک کنکشن لگوا دیتا ہوں۔ میں نے کہا یہ تو اور بھی اچھی بات ہے۔ سارے محلے والوں کو آرام ہو جائے گا اور اگلے روز ہی کنکشن لگوا دیا بہر حال حضور کی دعاؤں سے یہ گھر ہر لحاظ سے بابرکت ثابت ہوا۔

محلّہ میں خدمات

اسی گھر میں لجنہ کے اجلاسات ہوتے رہے۔ خاندان کی خواتین مبارکہ تشریف لاتی رہیں۔ خاکسار کی اہلیہ صاحبہ ایک لمبا عرصہ دارالعلوم شرقی کی صدر لجنہ رہیں۔ جرمنی آنے سے پہلے انہوں نے صدارت چھوڑی۔

یہ گھر محلّہ دارالعلوم شرقی جو اس وقت ڈگری کالج سے لے کر چھنیاں تک پھیلا ہوا تھا اس محلے کا سب سے پہلا گھر تھا اور دوسرا گھر محترم قاری محمد عاشق صاحب کا تھا۔ محلّہ کے پہلے صدر محترم قاری محمد عاشق صاحب بنے جب وہ جامعہ کے کوارٹروں میں تشریف لے گئے تو اس عاجز کو صدر محلّہ کے طور پر خدمت کا موقع ملا۔ اس طرح سے ہم نے بیت نور کی تعمیر بھی کی جو اس محلّہ کی پہلی بیت تھی اور اب اس کی دوبارہ تعمیر کی گئی ہے اور اس کا نام بیت المسرور رکھا گیا ہے۔

ویزا لگنے میں سہولت ہو گئی

میرا بڑا بیٹا عزیزم منیر الدین نصیر جرمنی آنا چاہتا تھا۔ میں نے اس سے کہا اسلام آباد ویزا لگوانے سے پہلے حضور کی خدمت میں جا کر دعا کی درخواست کرو پھر اسلام آباد جانا۔ وہ پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کے دفتر گیا وہاں سلیم صاحب ڈیوٹی پر تھے انہوں نے کہا منیر ملاقاتیں تو بند ہیں کیونکہ حضور کہیں تشریف لے جا رہے تھے۔ حضور نے سلیم صاحب کی بات سن لی اور دریافت فرمایا سلیم کس سے کہہ رہے ہو ملاقاتیں بند ہیں۔ سلیم صاحب نے جواب دیا کہ حضور ضیاء الدین صاحب کا بیٹا آپ سے ملاقات کرنا چاہتا ہے۔ حضور نے فرمایا ان کو اندر بھیج دو۔ حضور نے نہایت شفقت اور محبت سے منیر سے دریافت فرمایا اور پھر محبت سے منیر کی کمر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا گھبرانا نہیں پہلے پہلے کچھ مشکلات آئیں گی لیکن استقلال اور صبر سے کام لینا انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا اور حضور نے دعا کی۔ اگلے روز منیر ویزا کے لئے پہلے سوئٹزرلینڈ کی ایمبیسی گیا۔ وہاں سے ویزا لگوا کر جرمن ایمبیسی گیا۔ انہوں نے کہا درخواست دے دو تین ماہ تک بتلائیں گے۔ منیر نے کہا میری تو اگلے ہفتہ فلائٹ ہے تو پھر انہوں نے بھی ویزا لگا دیا۔ جب منیر ربوہ واپس آیا تو میں نے کہا تم تیاری کرو میں حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ سے دعا کے لئے عرض کر آؤں۔ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کو جب میں نے بتلایا کہ حضور کی دعا سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے ویزا لگ گیا ہے۔ اب پرسوں اس کی فلائٹ ہے تو بہت خوش ہوئیں اور اپنی بہو کو بلا کر فرمایا اپنے بیٹے نواب منصور احمد کو ایک خط میری طرف سے اور ایک خط اپنی طرف سے لکھو کہ یہ ہمارے خاص احباب میں سے ہے۔ ان کا ہر طرح سے خیال رکھنا۔ نواب منصور احمد صاحب ان دنوں جرمنی میں مشنری انچارج اور امیر تھے اور مجھے فرمایا میں خاص طور پر عزیزم منیر کے لئے دعا کروں گی۔ انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا۔

منیر پہلے سوئٹزرلینڈ گیا وہاں ان دنوں مشنری انچارج اور امیر منیر کے دوست مولانا نسیم مہدی صاحب تھے ان کے پاس ایک ہفتہ ٹھہرا۔ پھر بذریعہ ٹرین فرینکفرٹ کے لئے روانہ ہوا اور وہاں پہنچ کر محترم نواب منصور احمد صاحب سے ملا اور ان کی والدہ اور دادی کا خط دیا۔ انہوں نے منیر کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے۔ آمین

حضرت مسیح موعود کے کپڑوں کا تبرک

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی خدمت کا اس عاجز کو تقریباً ایک سال تک موقع ملا۔ آپ کی محبت اور شفقت کو میں آج بھی یاد کرتا رہتا ہوں۔ انہوں نے جس طرح محبت کا سلوک میرے ساتھ کیا اس طرح تو میری والدہ نے بھی نہیں کیا۔ انہوں نے مجھے وہ واقعہ بھی سنایا کہ کس طرح میری والدہ کی پھوپھی کے تین بچوں کی پرورش کی اور فرمایا ضیاء الدین صاحب اس طرح سے وہ بچے ایک آپ کے ماموں اور دو بیٹیاں آپ کی خالائیں لگیں اور حضرت نواب محمد علی صاحب کا ذکر کیا کہ انہوں نے بھی ان بچوں کو اپنے بچے سمجھ کر پرورش میں میرا ساتھ دیا۔

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے اس عاجز سے کہا میں نے آپ کے لئے حضرت مسیح موعود کے کپڑے کا تبرک رکھا ہوا ہے وہ میں آپ کو دوں گی۔ شرم اور احترام کی وجہ سے میں نے اس کی فرمائش نہیں کی اسی دوران آپ کی وفات ہو گئی۔ ایک روز میری اہلیہ صاحبہ کو حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ نے بلوا بھیجا اور آپ نے ایک کپڑے کا ٹکڑا دیا اور فرمایا یہ حضرت مسیح موعود کی قمیص کا ٹکڑا ہے میری اہلیہ صاحبہ نے اس ٹکڑے کے آٹھ ٹکڑے کئے اور اپنے آٹھ بچوں میں بطور تبرک حضرت مسیح موعود بانٹ دیئے جو کہ ہمارے بچوں کے پاس محفوظ ہے۔

اہلیہ صاحبہ کا ذکر خیر

خاکسار کی اہلیہ کا ذکر آیا ہے ان کے بارے میں کچھ بیان کر دیتا ہوں۔ آپ حضرت منشی عبدالحق صاحب کاتب والد ماجد حضرت مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب کی بیٹی تھیں اور محترم زبیر خلیل صاحب نائب امیر و افسر جلسہ سالانہ جرمنی کی پھوپھی تھیں۔ آپ بہت ہی نیک خاتون تھیں۔ آپ ایک لمبا عرصہ دارالعلوم شرقی کی صدر لجنہ رہی ہیں۔ یہاں جرمنی میں بھی اوڈن والڈ کی صدر لجنہ رہی ہیں۔ آپ کو خلافت سے اور خاندان حضرت مسیح موعود کی خواتین مبارکہ سے بہت لگاؤ تھا۔ آپ اکثر ان کو گھر پر چائے کے لئے مدعو کیا کرتیں۔ خاص کر جب صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب قادیان سے تشریف لاتے تو پھر آپ ان کو اور ان کی بیگم صاحبہ کو اور حضرت ام متین صاحبہ کو ضرور گھر پر دعوت دیتیں۔ یہاں جرمنی میں بھی صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب اور آپ کی بیگم صاحبہ کو کھانے پر مدعو کیا کرتی تھیں۔ ایک دفعہ گھر میں کوئی پریشانی تھی۔ تو آپ نے دعا کی اور خواب میں آپ کو حضرت اماں جان ملیں آپ نے فرمایا محمودہ تم ام ناصر کے پاس جاؤ اور دعا کے لئے کہو اور ان کی ایک قمیص بھی مانگنا اور دیکھنا خالی ہاتھ نہ جانا خواہ ایک چونی ہی بطور نذرانہ پیش کرنا اور جب کبھی کوئی پریشانی ہو تو ام ناصر والی قمیص پہن کر دعا کرنا۔ اللہ تعالیٰ فضل فرمائے گا۔ انہوں نے ایسے ہی کیا اور حضرت ام ناصر صاحبہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی خواب بیان کر دی۔ حضرت ام ناصر صاحبہ نے مسکرا کر فرمایا تو تم میری ہمنام ہو اور پھر وہ چونی بھی مجھے دے دو تا کہ ظاہری طور پر بھی خواب پوری ہو جائے اور آپ نے اپنی ایک قمیص عطا فرمائی۔ آپ اکثر تہجد کے وقت وہ قمیص پہنا کرتی تھیں۔ وفات والے دن بھی صبح تہجد میں وہ قمیص پہنی ہوئی تھی۔ اس وقت وہ قمیص عزیزم مظفر احمد ضیاء کی بیگم صاحبہ جو چوہدری بشیر احمد صاحب لوکل امیر ریڈ اسٹڈ کی بیٹی ہیں ان کے پاس محفوظ ہے۔ آپ جب کبھی حضور سے ملاقات کرتیں تو کبھی بھی خالی ہاتھ نہ جاتیں اور جب کبھی دعا کے لئے عرض کرتیں تو بھی کچھ نہ کچھ نذرانہ ضرور پیش کرتیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی نظر شفقت سے ویزا مل گیا

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی زندگی میں ہی اس عاجز نے ایک خواب دیکھی جس میں بتلایا گیا تھا کہ اب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا دور شروع ہونے والا ہے اور خلیفۃ المسیح الرابع صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب ہوں گے۔ یہ خواب الفضل میں بھی شائع ہوئی تھی۔ میرا بیٹا احیاء الدین محمود جرمنی میں تین سال رہنے کے بعد واپس پاکستان آ گیا اور کہنے لگا مغرب تو دیکھ لیا ہے اب مشرق بھی دیکھ لوں۔ اس نے سنگاپور کا پروگرام بنایا اور سنگاپور جانے کے لئے مولوی محمد صدیق امرتسری اور مسعود احمد صاحب جہلمی اور محترم محمد عثمان چینی صاحبان نے راہنمائی فرمائی۔ جانے سے پہلے میں نے اس سے کہا کہ حضور سے مل کر جانا عزیزم محمود اپنی والدہ کے ساتھ حضور کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور کے ساتھ ایک تصویر بنوائی اور حضور کی خدمت میں دعا کے لئے عرض کیا۔ حضور نے سنگاپور جانے کے لئے خاموشی اختیار کی اور فرمایا آپ سنگاپور چلے جائیں لیکن میرے خیال میں آپ دوبارہ جرمنی جانے کی کوشش کریں تو بہتر ہوگا۔ محمود کے لئے اب بہت مشکل تھی سب انتظامات ہو چکے تھے اگلے روز کے لئے سیٹ بک ہو چکی تھی۔ محمود کو ہم نے الوداع تو کر دیا لیکن دل میں ایک وسوسہ تھا۔ تیسرے روز حضور ہجرت کر کے لندن چلے گئے۔ میں نے محمود کو لکھا کہ کوشش کرو تمہارا ویزا لگ جائے تو تم بھی جرمنی چلے جاؤ۔ محمود کے جانے کے چند روز بعد ملیشیا کے ایک احمدی دوست جو انسپکٹر جنرل پولیس سے ریٹائرڈ ہوئے تھے۔ انہوں نے مجھے مہمان خانہ بلایا اور کہا آپ کا بیٹا سنگاپور گیا ہے۔ آپ مشرق کے حالات نہیں جانتے اس کو ہر حالت میں سنگاپور سے جرمنی چلے جانا چاہئے اور انہوں نے مجھے اپنا کوالالمپور کا ایڈریس بھی دیا۔ محمود کو جب وہاں کے حالات کا پتہ لگا تو وہ کوالالمپور اپنے ایک دوست کے ساتھ ویزا کے لئے گیا۔ لیکن سب نے یہی جواب دیا پاکستان جا کر ویزا حاصل کریں۔ یہاں ویزا نہیں مل سکتا۔ سنگاپور کے ویزا کا وقت بھی ختم ہو رہا تھا اور محمود بہت پریشان تھا۔ جب ویزا صرف دو دن کا رہ گیا وہ پھر دوبارہ کوالالمپور ویزا کے لئے گیا۔ اس دفعہ وہ آسٹریا کی ایمبیسی میں گیا انہوں نے ویزا دے دیا۔ محمود نے وہاں سے ہی ایئر لائن کا پتہ کیا تو رومانیہ کی ایئر لائن کا ٹکٹ مل گیا وہ رومانیہ آ گیا ایک رات رومانیہ میں ٹھہرا اگلے روز آسٹریا آ گیا۔ پھر جرمنی میں داخل ہو گیا۔ جج صاحب نے کہا تم پہلے واپس کیوں چلے گئے تھے اور اس کا کیس منظور کر لیا اور پہلے والا عرصہ بھی شامل کر لیا اور جلد ہی نیشنلیٹی بھی مل گئی الحمدللہ۔ جیسا کہ حضور نے فرمایا تھا ویسے ہی ہوا اور اس کا جرمنی آنا ہم سب کے لئے بابرکت ہوا۔ حضور کے منہ سے نکلی ہوئی ہر بات اپنے اندر ایک شان اور صداقت رکھتی ہے۔

خلافت خامسہ کے متعلق مبشر خواب

اب میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے بارے میں دو خوابوں کا ذکر کروں گا۔ میری اہلیہ کی والدہ صاحبہ جب قادیان سے ہجرت کر کے پاکستان تشریف لائیں تو انہوں نے اپنی ایک خواب کا ذکر کیا۔ خواب تو پوری طرح سے مجھے یاد نہیں ہے لیکن اتنا یاد ہے کہ اس میں اس طرف اشارہ تھا کہ آئندہ کبھی خلیفہ حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کے خاندان میں سے ہوگا۔ میری اہلیہ نے یہ خواب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کو بھی سنائی تھی۔ میری اہلیہ کی والدہ صاحبہ کا 1948ء میں ہی انتقال ہو گیا تھا۔ آپ حضرت منشی عبدالحق صاحب

(باقی صفحہ 5 پر)

ماخوذ

خوبصورت اور خطرناک شکاری پودے

یہ امر حیران کن ہے کہ پودے بھی کیڑے مکوڑے کھا جاتے ہیں مگر یہ ایک دلچسپ اور حیرت انگیز حقیقت ہے۔ انوکھی بات یہ ہے کہ یہ پودے ماہر شکاریوں کی طرح ان کیڑے مکوڑوں کو پھانس لیتے ہیں اور پھر چٹ کر جاتے ہیں۔ انوکھی ساخت، مخصوص نظام اور نرالا طریقہ واردات یہ ایسی منفرد اور نمایاں خوبیاں ہیں جو انہیں دیگر تمام پودوں میں انفرادیت بخشتی ہیں۔ یہ پودے پھولدار ہوتے ہیں اور ایسی دلدلی زمینوں میں پائے جاتے ہیں جہاں نائٹروجنی مرکبات، نائٹریٹ اور سلفر وغیرہ کی کمی ہو۔ چنانچہ ان مرکبات کی کمی کو یہ حشرات کا شکار کر کے پورا کر لیتے ہیں۔ قدرت نے اس مقصد کے لئے انہیں خاص ہتھیاروں اور دلچسپ حربوں سے لیس کیا ہے تاکہ یہ پودے حیران کن انداز میں ہوشیاری اور مہارت سے اپنا کام انجام دے سکیں۔ یہ اپنے خوبصورت رنگوں، مسحور کن خوشبو اور میٹھے رس (Nectar) کی بدولت شہد کی مکھیوں، تتلیوں، کیڑے مکوڑوں بھنوروں اور دیگر حشرات کو لبھاتے ہیں اور انہیں خاص قسم کے پھندوں میں پھانس کر ہضم کر جاتے ہیں۔ یہ خاص پھندے دراصل پودے کے چند حصوں میں ترمیم سے تشکیل پاتے ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اگر انہیں حشرات نہ ملیں تو دوسرے سبز پودوں کی طرح یہ اپنی خوراک خود تیار کر کے زندہ رہ سکتے ہیں لیکن گوشت کھانے سے یہ زیادہ صحت مندرہ کر بہتر بیج پیدا کرتے ہیں۔

صراحی دار پتوں والا پودا

ان پودوں میں زیادہ مشہور اور سرفہرست صراحی دار پتوں والا پودا (Pitcher Plant) ہے۔ اس پودے کا اصل نام نی پینتھر (Nepenther) ہے۔ یہ کوہ ہمالیہ کے مشرقی علاقوں کے علاوہ ملایا، جاوا اور سماٹرا کے جزائر میں دلدلی مقامات، تیز بارشوں سے دھلی اور دھند میں لپٹی چٹانوں پر اگتا ہے۔ اس کے پتے صراحی سے ملتی جلتی شکل کے ہوتے ہیں۔ ان صراحی دار پتوں کا دو تہائی حصہ عموماً بارشوں کے مقطر اور صاف شفاف پانی سے بھرا ہوتا ہے جس میں ہاضم مادے اور میٹھے رس وغیرہ بھی شامل ہوتے ہیں۔ پیاسے مسافر اور سیاح اس بے ضرر پانی سے اپنی پیاس بجھاتے ہیں۔ صراحی کے دہانے چمکیلے لیس دار مادے اور لعاب سے تر ہوتے ہیں۔ دہانوں کے اندر نوکیلے، سخت اور حساس بال نیچے کو لٹکے ہوتے ہیں۔ صراحی کے منہ پر چھوٹے ضمنی پتے ڈھکن کا کام دیتے ہیں۔ حشرات وغیرہ اس کے خوبصورت رنگین پتوں کی وجہ سے متوجہ ہو کر جونہی اس پر بیٹھتے ہیں تو لیسدار لعاب کے باعث پھسل کر اندر صراحی میں چلے جاتے ہیں۔

صراحی کا ڈھکن فوراً بند ہو جاتا ہے اور اس کی اندرونی دیواروں میں موجود غدودوں سے خارج ہونے والی خاص کیمیائی رطوبتیں اسے تحلیل کر کے سیال مادوں میں تبدیل کر دیتی ہیں جنہیں پودا بطور غذا استعمال کرتا ہے۔ شکار کے ہضم ہوتے ہی پودے کے مخصوص میکانکی نظام کے تحت صراحی کا ڈھکن دوبارہ کھل جاتا ہے۔

وینس فلائی ٹریپ

یہ پودا کیرولینا (امریکہ) میں دلدلی اور سیلن زدہ مقامات پر پایا جاتا ہے۔ حشرات کے علاوہ چھوٹے موٹے پرندے بھی اس کی دست برد سے محفوظ نہیں۔ یہ پودا بھی اپنے پتوں ہی کی مدد سے شکار پھانس لیتا ہے جو درمیان سے دو برابر حصوں میں تقسیم ہو کر دروازے کے قبضے کے مانند پتے کی ایک درمیانی رگ (Mid. Rib) کے گرد حرکت کرتے ہیں۔ پتے کے کنارے پر بال نما ساختیں ہوتی ہیں جبکہ اندرونی طرف شکار کو متوجہ کرنے کے لئے خوشبودار رطوبتیں خارج کرنے والے غدود ہوتے ہیں۔ خوراک کی تلاش میں پھرنے والا کوئی حشرہ جب اس کی دلکشی اور خوشبو سے سحر زدہ ہو کر اس پر آن بیٹھتا ہے تو پودے پر موجود باریک مگر حساس بالوں سے چھو جاتا ہے جو شکار پکڑنے والے نظام کو متحرک کرتے ہیں۔ یہ بال ایک برقی رو پیدا کرتے ہیں۔ چنانچہ فوراً ہی پودے کا مخصوص نظام حرکت میں آجاتا ہے اور پتے کے دونوں حصے بڑی سرعت سے بند ہو کر شکار جکڑ لیتے ہیں۔ پتے کی اندرونی دیواروں سے نکلنے والی مخصوص رطوبتیں اور مادے اسے ہضم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ چنانچہ تھوڑی ہی دیر بعد یہ بدنصیب حشرہ تحلیل ہو کر پودے کی خوراک بن جاتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اگر ہم اپنے ہاتھ پر بیٹھی مکھی کو پکڑنا چاہیں تو شاید کامیاب نہ ہوں لیکن یہ شکاری پودا اپنے شکار کو سنبھلنے کا موقع دیئے بغیر بڑی ہوشیاری، مہارت اور چابکدستی سے اسے جکڑ لیتا ہے۔

سن ڈیو

شکل و صورت مختلف ہونے کے باوجود اس خوبصورت شکاری پودے کا طریقہ واردات، وینس پودے سے ملتا جلتا ہے۔ اس کے پتے کا ڈنٹھل لمبا اور پتہ چاروں طرف سے چمکدار خوشنما سرخ شبنمی بالوں سے ڈھکا ہوتا ہے۔ ان کے سروں پر رطوبت خارج کرنے والے گول چمکیلے غدود ہوتے ہیں لہٰذا یہ لمبے پتلے بال ایک لیسدار چپچپے مادے سے تر رہتے ہیں جن سے نکلنے والی مخصوص خوشبو حشرات کے لئے انتہائی کشش رکھتی ہے۔ اس خوبصورت پھول نما شکاری پھندے کی دلفریبی اور مسحور کن خوشبو قسمت کے مارے کیڑے کو اپنی جانب متوجہ کرتی ہے اور وہ بے اختیار اس پر آ بیٹھتا ہے تو لیسدار بالوں میں چپک کر پھنس جاتا ہے۔ پودے کا تنا جھومتا ہے تو پودے کے سب سے نچلے حصے میں پیدا ہونے والے برقی اشارے پودے کے مخصوص میکانکی نظام کو متحرک کرتے ہیں۔ چنانچہ جان چھڑانے کی سرتوڑ کوشش کے باوجود لچھے دار چپچپے بال کیڑے کو مکمل طور پر جکڑ لیتے ہیں بعد ازاں پودے کے مخصوص خلیوں سے لحمیات (پروٹین) توڑنے والا مواد خارج ہو کر اسے قابل ہضم بنا دیتا ہے۔

بلیڈر روٹ

اس پُراسرار اور حیرت انگیز ماہر شکاری پودے کا نظام تقریباً، پچر پلانٹ' جیسا ہی ہے۔ یہ آبی پودا ہے۔ اس کے پتے چھوٹی چھوٹی شاخوں کے مانند ہوتے ہیں۔ لیکن کچھ پتے تھیلی کی شکل کے ہوتے ہیں جو حشرات کے لئے موت کے بے رحم اور اندھے کنویں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ تھیلی کا منہ میٹھے رس اور لمبے لمبے خوبصورت بالوں سے ڈھکا ہوتا ہے جن سے شکار کو فریب دینے اور پھانسنے میں مدد ملتی ہے۔ کیڑے جب تھیلی میں پہنچتے ہیں تو میکانکی ردعمل کے باعث اندرونی دباؤ سے تھیلی کا منہ بند ہو کر انہیں قید کر لیتا ہے۔ تھیلی کی اندرونی دیواروں میں موجود غدود اپنی رطوبت سے شکار کو قابل ہضم بناتے ہیں جسے پودا جذب کر لیتا ہے۔ شکار کو جذب کر لینے کے بعد بلیڈر روٹ کا تھیلی نما پھندا پھر سے کھل جاتا ہے تاکہ نیا شکار پھانس سکے۔

یہ دلچسپ اور عجیب و غریب صورتحال دیکھ کر انسان فرط حیرت سے انگلی دانتوں تلے داب لیتا ہے کہ علم و عقل کی دولت سے محروم اور فہم و شعور سے عاری یہ حشرات خور پودے جن میں ہڈیاں ہیں نہ پٹھے، کیونکر ایسی عمدگی، خوش اسلوبی اور مہارت سے شکار کرنے کا یہ منفرد اور اچھوتا عمل انجام دے لیتے ہیں۔ جدید سائنسی تحقیقات سے یہ حیران کن معلومات سامنے آئی ہیں کہ ان پودوں میں یہ سارا عمل ایک مربوط برقی (عصبی) نظام کے تحت نہایت منظّم اور میکانکی انداز میں وقوع پذیر ہوتا ہے۔ خوراک کی متلاشی مکھی یا کوئی حشرہ جب پھندے کا رس پینے کے لئے اس پر بیٹھ جاتا ہے اور اس کے بظاہر بے ضرر لیکن انتہائی حساس بالوں سے چھو جاتا ہے تو ردعمل میں ایک تیز برقی رو سارے پودے میں دوڑ جاتی ہے۔ اس برقی پیغام کے نتیجے میں پھندے کا شکار کو پکڑنے کا سارا نظام مستعد ہو جاتا ہے۔ مکھی کے دوبارہ بالوں کو حرکت دینے سے دوسری پیدا ہونے والی برقی لہر اس مربوط نظام کو تحریک دیتی ہے۔ نتیجتاً یہ نظام متحرک ہو کر بڑی سرعت سے پھندے کو بند کر دیتا ہے اور اپنے انجام سے بے خبر مکھی کو شکار کر لیتا ہے۔ پھندے کے بند ہوتے ہی اس کا نظام انہضام حرکت میں آجاتا ہے۔ مخصوص غدود (خلیے) ایسا مواد اور رطوبتیں خارج کرتے ہیں جو شکار کو گلانے کے بعد اسے تحلیل کر کے قابل ہضم سیال مادوں میں تبدیل کر دیتی ہیں۔ انہیں جذب کرتے ہی اسی برقی نظام کے تحت نئے شکار کے انتظار میں موت کا یہ پھندا دوبارہ کھل جاتا ہے، دلچسپ امر یہ ہے کہ پھندے کو متحرک اور بند کرنے کے لئے اس کے حساس بالوں کو یکے بعد دیگر دو مرتبہ چھونا پڑتا ہے۔ اس دوہرے میکانکی عمل کی وجہ سے یہ پھندا شکار پر بلا کسی مقصد کے کبھی بند نہیں ہوتا مثلاً مکھی کا بالوں کو حرکت نہ دینے یا بارش کا پہلا قطرہ گرنے سے پھندا بلاوجہ متحرک نہیں ہوگا۔

درحقیقت ان حیرت انگیز اور انتہائی دلچسپ ماہر شکاری پودوں کا وجود، بناوٹ، پیچیدہ ساخت، طریقہ کار اور حیران کن نظام عمل اللہ رب العزت کی بے مثال کاریگری کا نمونہ اعلیٰ ترین صناعی کا شاہکار اور لازوال قدرت کا کرشمہ ہے جو اپنے اندر کارخانہ قدرت میں غور و فکر کرنے والوں کے لئے رازق عالم کی پہچان اور معرفت کا سامان لئے ہوئے ہے۔

(اردو ڈائجسٹ جنوری 2008ء)

(بقیہ صفحہ 4)

کاتب کی اہلیہ تھیں اور عزیزم زبیر خلیل صاحب جو آجکل جرمنی میں نائب امیر اور افسر جلسہ سالانہ جرمنی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں ان کی دادی جان تھیں۔

دوسری خواب میری چھوٹی بہن کے بیٹے عزیزم پروفیسر محمد اسلم صاحب آسٹریلیا کی ہے انہوں نے مجھے بتلایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع تشریف فرما ہیں ان کی دائیں جانب سیٹ پر ایک چھوٹی داڑھی والے بیٹھے ہوئے ہیں۔ اتنی دیر میں آسمان سے ایک نورانی روشنی کا ہیولا آیا ہے اور اس نے اس گاڑی کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ پھر وہ ہیولا آسمان کی طرف پرواز کر گیا۔ تو دیکھا سیٹ پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نہیں ہیں۔ سیٹ خالی ہے پھر ساتھ والے صاحب ڈرائیونگ سیٹ پر تشریف فرما ہو گئے۔ غور سے دیکھا تو وہ حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد تھے اور پھر دوبارہ وہی نورانی روشنی کا ہیولا آسمان سے اترا ہے اور دوبارہ ان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے اور پھر وہ ہیولا بھی آسمان کی طرف پرواز کر گیا ہے۔ لیکن اس دفعہ سیٹ پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس تشریف فرما ہیں۔ کتنی واضح اور صاف خواب ہے۔ اللہ تعالیٰ کا نور آپ کو اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہے۔

یہ پروفیسر محمد اسلم صاحب مکرم محمد اسماعیل منیر صاحب مربی سلسلہ کے چھوٹے بھائی مکرم محمد اسحاق صاحب واقف زندگی کے بڑے بیٹے ہیں۔ آجکل آسٹریلیا میں رہائش پذیر ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس جب غانا میں تھے تو آپ کے ساتھ زندگی وقف کر کے تین سال غانا میں رہے۔

مکرم انوارالحق صاحب مربی سلسلہ

جماعت احمدیہ ساؤتومے کا پہلا جلسہ سالانہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے 5/اپریل 2008ء کو جماعت احمدیہ ساؤتومے کو اپنا پہلا ایک روزہ جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

ساؤتومے دوجزیروں پر مشتمل ایک چھوٹا سا ملک ہے جس کی کل آبادی ڈیڑھ لاکھ نفوس پر مشتمل ہے اور رقبہ ایک ہزار مربع کلومیٹر ہے۔Atlantic Sea میں گابون اور کیمرون کے قریب سمندر میں واقع ہے۔1975ء میں پرتگیزی تسلط سے آزادی حاصل کی۔ دسمبر 2001ء میں حکومتی سطح پر جماعت کی رجسٹریشن عمل میں آئی۔

افسر جلسہ کی تقرری کے بعد ناظمین مقرر کئے گئے اور ہر ناظم کو اس کا کام سمجھایا۔سبھی نومبائع تھے اور سب کیلئے یہ پہلا تجربہ تھا لیکن سب نے بہت محنت اور بہت دلچسپی سے کام کیا۔

کیپٹل سے 35 کلومیٹر دور ایک شہر نیوش (Neves) کے مرکزی سیکنڈری سکول میں جلسہ منعقد کیا گیا تھا۔جس میں شاملین کو 20 دن قبل شمولیت کیلئے دعوتی خطوط ارسال کر دیئے گئے تھے۔ 5/اپریل 2008ء کو نماز تہجد و نماز فجر اور درس قرآن سے آغاز کیا گیا۔9 بجے تمام حاضرین و مہمانان خصوصی سکول کے گراؤنڈ میں اکٹھے ہوئے اور لوائے احمدیت اور ساؤتومے کا جھنڈا لہرایا گیا اور دعا کی گئی۔ بیٹھنے کا انتظام سکول کے ایک بڑے ہال میں کیا گیا تھا جسے جماعتی بینرز اور پوسٹرز سے سجایا گیا تھا جو کہ لجنہ ساؤتومے نے تیار کئے تھے۔سورۃ فاتحہ کی تلاوت اور پرتگیزی ترجمہ کے بعد ایک نومبائع خادم نے حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ منظوم کلام اردو میں خوش الحانی کے ساتھ پڑھا اور بعد میں پرتگیزی میں اس کا ترجمہ پیش کیا۔ بعدازاں خاکسار نے تقریر کی اور احمدیت کا پیغام تفصیلاً تمام حاضرین کو سمجھایا۔اس کے بعد سیرۃ النبی ﷺ کے موضوع پر ایک نومبائع ناصر نے تقریر کی۔اس کے بعد خلافت جوبلی کے حوالے سے ایک تقریر خلافت اور اس کی برکات پر ایک نومبائع خادم نے کی۔

اطفال و ناصرات کے تین گروپس نے ہر تقریر کے بعد پروگرامز پیش کئے۔ پہلے گروپ میں 5/اطفال و ناصرات شامل تھے جنہوں نے مکمل نماز حاضرین جلسہ کے سامنے ادا کر کے دکھائی۔ دوسرے گروپ نے جس میں 5/اطفال و ناصرات شامل تھے عربی زبان میں پچیس تعارفی فقرات آپس میں بول کر دکھائے۔ تیسرے گروپ میں 7/اطفال و ناصرات شامل تھے جنہوں نے دینی معلومات کے پچاس سوالات کے جوابات دیئے۔ تمام حاضرین خصوصاً بچوں کے پروگرامز سے بہت محظوظ ہوئے۔ دوران پروگرام نعرے بلند ہوتے رہے۔تقاریر اور پروگرامز کے بعد سوال و جواب کا سیشن شروع ہوا اور حاضرین نے اہم اور بعض دلچسپ سوالات کئے جس کا انہیں تسلی بخش جواب دیا گیا۔بعض سوالات مہمانوں کے اپنے مذہب عیسائیت کے بارے میں بھی تھے کیونکہ اس علاقے میں جماعت کی طرف سے ہر ہفتہ لگائی جانے والی تعلیمی و تربیتی کلاس میں بہت سارے عیسائی اور دوسرے مذاہب والے اپنے مذاہب کے متعلق بھی پوچھنے کیلئے ہمارے پاس آتے ہیں ۔ بعدازاں حاضرین جلسہ کو تاثرات بیان کرنے کا موقع دیا گیا سب نے بہت اچھے الفاظ میں ہمارے اس پہلے جلسہ سالانہ کی تعریف کی اور ہر سال اسے منعقد کرنے کی تجویز دی۔ایک بات جو سب نے ہی متفقہ طور پر کہی وہ یہ تھی کہ دین حق کا یہ تعارف انہوں نے پہلی مرتبہ سنا ہے۔

جماعت کے اس پہلے سالانہ کے موقع پر ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس میں مختلف سٹالز لگائے گئے مثلاً قرآن کریم کے مختلف تراجم سجائے گئے۔ جماعت کی کتب اور لٹریچر خصوصاً پرتگیزی زبان میں رکھا گیا۔اسی طرح مختلف ممالک میں جماعت کی طرف سے شائع ہونے والے جماعتی اخبارات و رسائل رکھے گئے۔MTA کا سٹال لگایا گیا جس میں احمدیہ ٹی وی کا تعارف پیش کیا گیا۔ اسی طرح ہومیوپیتھی ادویات کا سٹال لگایا گیا۔ نیز ہیومینیٹی فرسٹ انٹرنیشنل کا ایک سٹال لگایا گیا جس میں مختلف ممالک میں ہیومینیٹی فرسٹ کے کاموں کو تصویری شکل میں پیش کیا گیا۔اسی طرح جماعت کی سرکردہ شخصیات کی تصاویر اور جماعت احمدیہ ساؤتومے کی سرگرمیوں کی بعض تصاویر آویزاں کی گئیں۔ تمام شاملین نے اس نمائش کو بہت سراہا اور بہت سا لٹریچر پڑھنے کیلئے طلب کیا۔ بعدازاں نماز ظہر اور عصر سکول کے گراؤنڈ میں باجماعت ادا کی گئی جس کے بعد تمام شاملین جلسہ میں دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا جسے لجنہ کی ہی ایک ٹیم نے نیشنل صدر لجنہ کی نگرانی میں تیار کیا تھا اس جلسے میں کل 152 مرد و خواتین اور بچوں نے شرکت کی ۔ خاص مہمانوں میں ڈائریکٹر آف ایجوکیشن، ڈائریکٹر آف پولیس ڈیپارٹمنٹ، آفیسر ڈیپارٹمنٹ اور پریذیڈنٹ آف سوشل افیئر شامل تھے۔ان سب نے پروگرام کو بہت سراہا۔

یادگار کے طور پر جماعت احمدیہ ساؤتومے کی طرف سے ایک کیلنڈر بھی تیار کیا گیا جو کہ تمام شاملین جلسہ میں تقسیم کیا گیا۔

جلسہ سالانہ کی تمام کارروائی ملک کے نیشنل ٹیلی ویژن ساؤتومے TVS نے ریکارڈ کی اور اگلے دن خبروں میں نمایاں طور پر ”محبت سب کیلئے نفرت کسی سے نہیں“ کے ٹائٹل کے ساتھ پیش کی۔

آخر میں ایک ایمان افروز واقعہ پیش کرتا ہوں۔ جلسے کی تاریخ 5/اپریل 2008ء عاملہ کی تجویز کے مطابق مقرر کی گئی جب شاملین کو جلسے کی دعوت دی گئی تو سب نے کہا کہ اس دن تو بہت بارش ہونی ہے کیونکہ ساؤتومے میں برسوں سے یہ روایت یا رسم ہے کہ 4 اور 5/اپریل کو ہر سال بہت زور کی بارش ہوتی ہے۔ خاکسار نے سب کو تسلی دی اور بارش نہ ہونے کے لئے ایک اجتماعی دعا کروائی اسی طرح جس جگہ جلسہ منعقد کرنا تھا وہاں جا کر بھی ایک اجتماعی دعا کروائی گئی کہ بارش کی وجہ سے ہمارا پروگرام ڈسٹرب نہ ہو۔بعض عیسائی جنہوں نے ہمیں دعا کرتے دیکھا طنزاً مسکراتے تھے کہ بارش کیسے رک سکتی ہے۔ چنانچہ اللہ کے فضل سے 4/اپریل کو سارا دن بارش نہیں ہوئی رات 8 بجے بارش ہوئی اور 4 گھنٹے جاری رہی 5/اپریل کی صبح موسم بہت خوشگوار ہو گیا اور سارا دن بارش نہیں ہوئی جبکہ 6/اپریل کو پھر بہت زور کی بارش ہوئی سب لوگوں نے بہت حیرانگی کا اظہار کیا۔

اللہ کے فضل سے جماعت ساؤتومے کا یہ پہلا جلسہ سالانہ بہت کامیاب رہا اور امید واثق ہے کہ یہاں جماعت کی ترقی میں اس سے مزید راہیں کشادہ ہوں گی۔

☆......☆......☆

شکرانے کے آنسو

مولا نے دکھایا ہے ہمیں پانچواں مظہر
دل کو مرے خود ان کی محبت سے بھرا ہے

وہ نور کہ چہرے پہ نگاہیں نہیں ٹکتیں
یہ کیوں نہ ہو اللہ تو خود ساتھ کھڑا ہے

سونپا ہے قلم وارثِ سلطان قلم نے
اور ساتھ اشاعت کا بھی کچھ کام دیا ہے

مجھ جیسی گنہگار پہ اکرام کی بارش
یہ سارا خلافت سے محبت کا مزا ہے

پانا ہے اگر کچھ تو اطاعت سے ملے گا
یہ درس ہمیں سارے بزرگوں نے دیا ہے

جاری ہیں مری آنکھوں سے شکرانے کے آنسو
ہر ذرہ تن حمد الٰہی میں جھکا ہے

ا۔ب۔ناصر

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 94902 میں زیر اللہ

